# گود لینے پر غور کرنا

## گود لینا کیا ہوتا ہے؟

- بچوں کو خیال رکھنے والے اور مستحکم گھر کی ضرورت ہوتی ہے۔ انھیں ضرورت ہوتی ہے کہ والدین ان کو ایک پیار بھرا اور تربیت والا ماحول فراہم کریں۔ گود لینے کی سروس کا مقصد ایسے بچوں کے لیے مستقل اور مناسب گھروں کو تلاش کرنا ہے جن کے والدین ان کی نگہداشت کرنے سے قاصر یا اس پر نارضامند ہیں۔
- گود لینے کا عمل ہر گود لینے والے کے لیے ایک زندگی بھر کا عہدوپیمان ہوتا ہے۔ بچوں کے بہترین مفاد کا ہمارے یہاں سب سے زیادہ خیال رکھا جاتا ہے۔

## گود لیے جانے کے اہل بچے کون ہیں؟

- گود لینے کے قانون* کے تحت دیے جانے والے 'گود لینے کے حکم' کے تحت گود لیا جا سکنے والا بچہ ایسا بچہ ہوتا ہے جس کی عمر 18 سال سے کم ہو اور جو شادی شدہ نہ ہو۔
- عملی طور پر، گود لیے جانے کی ضرورت والے بچے ممکنہ طور پر وہ ہوتے ہیں جو ترک کر دیے جانے جیسے مختلف حالات کے تحت اپنے پیدائشی خاندانوں میں نہیں رہ سکتے ہیں یا جن کے والدین پرورش کے حقوق سے دست بردار ہوگئے ہوں - ان بچوں کا خاندانی پس منظر ہو سکتا ہے کہ پیچیدہ ہو۔ انھیں خاندانی زندگی سے لطف اندوز ہونے اور ایک پیار بھرے اور خیال رکھنے والے ماحول میں پرورش پانے کی ویسی ہی ضرورت ہوتی ہے۔
- گود لینے کے لیے دستیاب بچوں کے بارے میں معلومات کے لیے، برائے مہربانی محکمۂ سماجی بہبود کی ویب سائٹ www.swd.gov.hk/en/index/site_pubsvc/page_family/sub_listofserv/id_adoptionse/ پر ملاحظہ کریں۔

## گود لینے کے لیے درخواست دینے سے قبل کن چیزوں پر غور کریں؟

گود لینا ایک زندگی بھرکا عہدوپیمان ہوتا ہے جس سے گود لینے والے والدین کو اپنے خاندانوں کو پروان چڑھانے اور خیال رکھنے والے گھر کے حاجت مند بچوں کی پرورش کرنے کی خوشی ملتی ہے۔ گود لینے کی جانب پیش رفت کرنے سے پہلے ان چند نکات پر غور کرنا چاہیے:

- کیا آپ کی عمر 25 سال ہو گئی ہے اور، اگر آپ شادی شدہ ہیں تو؛ کیا آپ کی شریک حیات کی عمر 21 سال ہے جیسا کہ گود لینے کے قانون کا تقاضا ہے؟ کیا آپ کی شریک حیات کے ساتھ آپ کا رشتہ مستحکم ہے (آپ کی شادی کم سے کم تین سالوں سے ہے) ؟
- کیا آپ کسی بچے کو گود لینے اور اس کی پرورش کرنے کے تئیں زندگی بھر کا عہدوپیمان کرنے کے لیے تیار ہیں؟
- کیا آپ کی جسمانی اور دماغی صحت اتنی اچھی ہے کہ آپ بچے کے خودمختار ہو جانے تک اس کی نگہداشت کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ کافی تعلیم یافتہ ہیں، راجح طور پر آپ نے ثانوی تعلیم مکمل کی ہے، کہ آپ بچے کو مختلف ترقیاتی سنگہائے میل میں رہنمائی اور معاونت فراہم کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ کی ملازمت مستحکم اور کافی مالیات فراہم کرنے والی ہے اور کیا آپ کسی بچے کو مستحکم رہائش فراہم کر پانے کے قابل ہیں؟
- کیا آپ ہانگ کانگ میں 12 مہینوں یا اس سے زائد سے قیام پذیر ہیں کہ آپ سماجی ماحول اور کمیونٹی وسائل سے واقف ہو گئے ہیں، اور کیا آپ گود لینے کے عمل کو مکمل کرنے کے لیے 12 مہینوں یا اس سے زائد تک مسلسل قیام کر سکتے ہیں؟

## کون گود لینے کا انتظام کر سکتا اور بچے کو گود لینے کے لیے رکھ سکتا ہے؟

- گود لینے کے قانون کے مطابق، صرف (a) سماجی بہبود کا ڈائریکٹر؛ (b) اپنی اجازت دہی کے تحت اور اس کی مطابقت میں معقول طور پر کام کرنے والا ایک اجازت یافتہ ادارہ؛ یا (c) عدالت کے کسی حکم کی مطابقت میں کام کرنے والا کوئی شخص، غیرمتعلقہ گود لینے کے لیے درخواستوں کو دے سکتا اور کسی بچے کے لیے گود لینے کا انتظام کر سکتا ہے۔
- اوپر بیان کیے گئے افراد کے علاوہ کوئی شخص کسی بچے کے لیے گود لینے کا انتظام نہیں کرے گا یا کسی بچے کو غیرمتعلقہ شخص(اشخاص) کے ذریعہ گود لینے کے لیے نہیں رکھے گا۔ متعلقہ شرائط کی خلاف ورزی کرنے والا شخص جرم دار ہوگا اور جرمانہ اور قید کا سزاوار ہوگا۔

## گود لینے کی درخواست کرنے کے طریقہ ہائے کار کیا ہیں؟

1. درخواست کنندگان کو گود لینے سے متعلق بریفنگ سیشن میں حاضر ہونے کی خاطر رجسٹریشن کرانے کے لیے محکمۂ سماجی بہبود کی گود لینے کی شاخ سے رابطہ کرنا ہوگا۔
2. درخواست گزاروں کو گود لینے والے والدین بننے کی خاطر اپنی موزونیت کی تشخیص کے عمل میں ایک مکمل گھریلو مطالعہ سے گزرنا ہوگا۔ تشخیص میں مختلف صلاحیتوں کا احاطہ کیا جاتا ہے جن میں یہ شامل ہیں لیکن انھی تک محدود نہیں: درخواست گزاروں کی شخصیت، دلچسپیاں ، شروعاتی زندگی کے تجربات، مشکل حالات سے نمٹنے کی اہلیت، ازدواجی

استحکام، پرورش کے رویے اور استعداد، گود لینے کے لیے رغبت ، جس بچے کو گود لیا جائے گا اس کی ترقیاتی ضروریات پوری کرنے کی اہلیت، وغیرہ۔

3. درخواست گزاروں کو گود لینے سے متعلق دو تربیتی ورکشاپس میں حاضر ہونا ہوگا اور گھریلو مطالعہ کی تکمیل سے پہلے ایک طبی جانچ اور لازمی مجرمانہ ریکارڈ جانچ سے گزرنا ہوگا۔
4. درخواست کنندگان کو ہو سکتا ہے کہ ایک مجوزہ میچنگ کے لیے صبر کے ساتھ انتظار کرنا پڑے۔
5. درخواست گزاروں کو گود لینے کے قانون کے مطابق قانونی کارروائیوں سے گزرنا ہوگا۔ عدالت گود لینے کا حکم عطا کیے جانے سے پہلے ہر درخواست کی یہ یقینی بنانے کے لیے جانچ کرے گی کہ گود لینا بچے کے بہترین مفادات میں ہے۔

## فیس عائد کرنا

● محکمۂ سماجی بہبود کی گود لینے کی شاخ کے ذریعہ انجام دیے جانے والے گھریلو مطالعہ پر کوئی فیس نہیں ہے۔ ● ایسے معاملات کے لیے جن کی گود لینے کی درخواست میں سماجی بہبود کے ڈائریکٹر کو "گود لیے جانے والے' بچے کے قانونی نمائندہ سرپرست کے طور پر متعین کیا جائے، ہر بچے کے لیے 4,210 ہانگ کانگ ڈالر** کی ادائیگی عائد کی جائے گی۔

## سروس سے خروج

درخواست کنندگان درج ذیل صورتوں میں گود لینے کی سروس سے نکل جائیں گے:

- انھوں نے ایک گود لینے کا حکم عطا کیے جانے سمیت گود لینے کے سبھی ضروری طریقہ ہائے کار مکمل کر لیے ہوں اور انھیں گود لینے کی شاخ کی جانب سے کسی دیگر سروس کی ضرورت نہ ہو، یا
- وہ گود لینے کی کاروائیوں کے اختتام کرنے کا فیصلہ کر لیں، یا
- گود لینے کے لیے غیر اہل پائے جائیں۔

اگر آپ کو بچے گود لینے میں دلچسپی ہے تو، برائے مہربانی محکمۂ سماجی بہبود کی گود لینے کی شاخ سے درج ذیل پر رابطہ کریں:


فون : 3595 1935
فیکس : 3595 0025
ای میل : auenq@swd.gov.hk
ڈاک پتہ : Adoption Unit, Social Welfare Department, Room 201, 2/F., North Point Government Offices, 333 Java Road, North Point, Hong Kong


* HKSAR میں ایک گود لینے کو 'گود لینے کا قانون ، شق 290' کی مطابقت میں نافذ کیا جانا ضروری ہے۔
** ادائیگی باضابطہ نظرثانی سے مشروط ہوگی

2024